© rasailojaraid.com


Jesus. (6) The Methodological Features of the Farahi School of Thought.

دونوں اسکالرس کے سپروائزر بالترتیب ڈاکٹر داؤد الاعلمی/العالمی اور پروفیسر منا صدیقی رہے ہیں۔ اول الذکر کو ۲۰۱۰ء اور ثانی الذکر کو ۲۰۱۶ء میں پی ایچ۔ڈی کی ڈگری تفویض ہوئی تھی۔

(ادارہ علوم القرآن کی لائبریری میں مذکورہ بالا دونوں تھیس کی فوٹو کاپی استفادہ کے لیے دستیاب ہے)۔ (ادارہ)

## سو زبانوں میں ترجمۂ قرآن کی اشاعت کا منصوبہ

گزشتہ پانچ برسوں سے ترکی حکومت عالمی مسابقہ حفظ قرآن کا اہتمام کر رہی ہے۔ اس میں ۶۲ ممالک کے حفاظ شریک ہوتے ہیں۔ پچھلے دنوں اسی مناسبت سے انقرہ میں تقسیم انعامات کی تقریبات منعقد کی گئیں۔ جس میں ترکی میں دینی امور کے انچارج محمد غورمان اور صدر مملکت رجب طیب اردگان بھی شریک ہوئے۔ صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ قرآن مجید کے ساتھ تعلق ہماری زندگی کا مقصد اولین ہونا چاہیے کیونکہ ہمارے دلوں کا تزکیہ اسی کتاب سے ہوسکتا ہے۔ محمد غورمان نے کہا کہ شعبۂ دینی امور کی جانب سے دنیا کی ۲۵ زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم شائع کیے جاچکے ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ آئندہ دو سالوں میں دنیا کی سو مختلف زبانوں میں ترجمۂ قرآن شائع کیا جائے اور اس کو دنیا کے ہر ملک اور ہر شہر و بستی میں پہنچانے کا عزم کیا جائے۔ اس کے لیے ''میرا تحفہ قرآن مجید ہوگا'' کے سلوگن کے تحت رقم کی فراہمی کی مہم شروع کی جاچکی ہے جس میں تمام ہم وطن مسلمان دل کھول کر حصہ لے رہے ہیں۔ (معارف، جولائی ۲۰۱۷ء)

## دنیا کا پہلا مخیط قرآن

پاکستان کے شہر کراچی کے کورنگی علاقہ میں رہنے والی خاتون زمرد خان نے

© rasailojaraid.com